4807- ٹیلی فون پر خاونداور بیوی کی جنسی بات چیت

سوال

کیا خاونداور بیوی کے لیے جائز ہے کہ وہ ٹیلی فون پر جنسی بات چیت کریں جس سے شہوت میں انگیخت پیدا ہواور دونوں یا کسی ایک کا انزال ہوجائے (ہاتھ کے استعمال کے بغیر اس لیے کہ یہ حرام ہے) ؟
ایسا ہوتا رہتا ہے اس لیے کہ میرا خاوند ہمیشہ مسافر رہتا اور ہم چار ماہ بعد ہی آپس میں ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں ۔

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کا جواب تھا :

اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ایسا کرنا جائز ہے ۔

سوال : ؟

اگرانزال مشت زنی (یعنی ہاتھ استعمال کرنے) سے ہو ؟

جواب : ہاتھ استعمال کرنے میں نظر ہے ، ایسا کرنا جائز نہیں لیکن اگر زنا کا ڈر ہو تو ۔

سوال ؟

ہاتھ استعمال کرنے کے بغیر کوئی مانع نہیں ؟

جی ہاں ہاتھ استعمال کرنے کے بغیر کوئی مانع نہیں ، وہ یہ تصور کرے کہ بیوی اس کے ساتھ ہے تواس میں کوئی حرج نہیں ۔ اھ

دونوں کو اس پر متنبہ رہنا چاہیے کہ ان کی کلام کوئی اور نہ سن رہا ہو یا پھر ان کی کوئی جاسوسی نہ کررہا ہو ۔

واللہ تعالی اعلم .